# 10 - ریشے اور کپڑے

جب ہم کسی کپڑے کی دکان پر جاتے ہیں تب ہمیں وہاں کئی اقسام کے کپڑے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ کپڑے ریشوں سے بنے ہوتے ہیں۔ کپڑے دھاگے سے اور دھاگہ ریشوں سے بنا ہوتا ہے۔ آئیے معلوم کریں کپڑے اور ریشے کے بارے میں۔

مقاصد:

1) ریشے اور کپڑوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔

2) مختلف ریشوں سے واقف ہونا۔

3) مختلف ریشوں کی خصوصیت سے واقف ہونا۔

آپ جانتے ہیں کہ کپڑے ریشوں سے مل کر بنتے ہیں۔ اپنے پہنے ہوئے لباس کو دیکھئے یہ لباس دھاگے سے بنایا گیا ہے۔ دھاگے چھوٹے ریشوں سے تیار کئے جاتے ہیں۔ کپڑے کے تکڑے میں سے ایک دھاگے کو نکالے اور اسے مروڑ کر کھولیں۔ ایسا کرنے پر آپ کو چھوٹے ریشے دکھائی دیں گے۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے پاس بڑی تعداد میں ریشے دستیاب ہیں۔ اور ان سے کئی اقسام کے کپڑے تیار کئے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپ بازار میں جاتے ہیں تو آپ وہاں مختلف اقسام کے کپڑے دیکھتے ہیں۔

سرگرمی 1:

اپنی جماعت میں آپ کے ساتھیوں کے پہنے ہوئے کپڑوں کی جانچ کریں۔ چار گروپ بنائیں اور الگ الگ طرح کے کپڑوں سے دھاگے ایک جگہ کریں۔

ذیل میں دئے گئے سوالات پر گروپ میں مباحثہ کریں۔ اور اپنی باتوں کو درج کریں۔

1) آپ کتنے اقسام کے کپڑے ایک جگہ کر سکتے ہیں؟

2) کپڑوں کے کتنے اقسام کے بارے میں آپ جانتے ہیں؟

3) آپ نے کپڑوں کے درمیان تفرق کیسے کیا؟

4) لینس کی مدد سے ہر ایک دھاگے کو دیکھیں۔ اور اپنی نوٹ بک میں اُس کی تصویر بنائیے۔

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

ریشے کپڑوں کی اکائی ہے۔ ہمارے کپڑے مختلف اقسام کے ریشوں سے بنے ہوتے ہیں۔ عام طور پر ریشے دو ذرائعوں سے حاصل ہوتے ہیں۔

1) قدرتی ذرائع سے حاصل ہونے والے ریشے: درختوں اور جانوروں سے حاصل ہونے والے۔ تمام ریشے اس زمرے میں آتے ہیں ۔مثال: کپاس، اون، لینن، ریشم وغیرہ۔

2) مصنوعی ریشے: ان کی بناوٹ مختلف اقسام کے پروڈو کیمیکلز سے ہوتی ہے۔ جیسے: نائیلون، پولسٹر وغیرہ۔

سرگرمی 2:

آگ کے ذریعہ جانچ (Burning test): ریشوں کی جانچ۔ سوتی دھاگے سے کچھ ریشے نکال لیں۔ اور موم بتی کی مدد سے اسے جلائیں۔

ذیل میں لکھئے گئے نکات پر غور کریں اور اپنی رائے کو درج کریں۔

1) آگ کی لو کے قریب آنے پر ریشے کی حالت۔

2) آگ کی لو پر ریشے کی حالت۔

3) جلنے کے بعد ریشے کی حالت۔

4) ریشے کے جلے ہوئے مادے کا تجزیہ کریں۔

نوٹ بک میں لکھیں۔

موسم اور کپڑے:

مختلف موسموں میں پہنے جانے والے مختلف اقسام کے کپڑے کے رنگوں کو دیکھئے۔ یا تصویر بنائے۔ یا کسی دیگر ذریعہ سے سمجھائے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

ریشم کا کپڑا کیسے بنتا ہے؟ ریشم کا کیڑا (Silk warm) نامی کیڑے سے ریشے نکلتے ہیں اور اس سے ریشم کا کپڑا بنتا ہے۔ بالغ ریشم کا کیڑا 2 یا 3 دن تک ہی زندا رہتا ہے۔ اتنے کم وقت میں ہر ایک مادہ کیڑا شہدود کے پتوں پر 300 سے 400 انڈے ڈال دیتی ہے۔ ہر ایک انڈے سے تقریبا ایک ننھا مادہ کیڑا نکلتا ہے۔ پھر 30 سے 40 روز میں پہلے لمباء ہوتا ہے۔ اور پھر سکڑ کر گول مٹول ہوجاتا ہے۔ اسکے بعد 3 دن تک لگا تار اپنے سر کو ادھر اُدھر گھما کر اپنی لار بنکیوں کے ذریعے دھاگے کا ایک لمباء حصہ تیار کرتا ہے۔ جس کو پھویا کہتے ہیں۔ ہوا کے احاطے میں آتے ہی یہ دھاگہ سوکھ کر ریشم کے دھاگے میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ جو تقریبا 1000 میٹر لمباء ہوتا ہے۔ پوہے میں بند لروے ایک پتنا شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اس کے 12 سے 15 دن بعد پخطی شکل ریشمی کیڑے میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ جو پوہے کو کاٹ کر باہر نکالنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے باہر نکلتے ہی پوہے کے اوپر لپٹا ریشم کا دھاگہ کئی جگہوں پر ٹوٹ کر بیکار ہوجاتا ہے۔ اس لئے ریشم کو حاصل کرنے کیلیے کیڑے کے باہر نکلنے سے پہلے ہی پوہے کو کھولتے ہوئے پانی میں ڈال کر اندر ہی ختم کر دیتے ہیں اور دھاگے کو الگ کر لیتے ہیں اس طرح ریشم کے کیڑے سے ریشم کا دھاگہ تیار ہوتا ہے۔ اور پھر اس دھاگے سے ریشمی کپڑا بنتا ہے۔

اہم الفاظ:

ریشے، کپڑا، قدرتی، سطحوں، مصنوعی۔